متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے تحت کوونٹری میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا

کوونٹری میں مقیم مختلف قومیتوں کے بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین نے ایم کیوایم میں شمولیت کیلئے ممبرشپ فارم پر کئے

پاکستان بچانے کے لئے تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور ایماندار افراد کو آگے آنا ہوگا، سلیم شہزاد

پاکستان کے عوام 63 برسوں سے بنیادی حقوق سے محروم ہیں، ڈاکٹر سلیم دانش

لندن۔۔۔22، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے تحت کوونٹری میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کوونٹری یونٹ کے تحت مقامی ہال میں ایک سادہ تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد، ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، کمیٹی کے ارکان علی مرتضیٰ، ہاشم اعظم، محمد احسان اور پاکستان کی مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر متعدد بزرگوں اور نوجوانوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا اور ممبر شپ فارم پر کئے۔قبل ازیں تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا کہ پاکستان اس وقت دہشت گردی اور لاقانونیت کی لپیٹ میں ہے اور پاکستان کو کئی طرح کے خطرات کا سامنا ہے ایسے موقع پر ہم سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جب تک ملک میں غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ ، باصلاحیت اور ایماندار افراد کو منتخب ہو کر ایوانوں میں آنے کا موقع نہیں ملے گا اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم نہیں ہوگی پاکستان کو درپیش بحرانوں سے نجات نہیں دلائی جاسکتی۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کے فلسفہ پر عمل کر کے ہی نہ صرف ملک کو بچایا جا سکتا ہے بلکہ ترقی کی نئی راہ پر بھی ڈالا جا سکتا ہے۔ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام گزشتہ 63 برسوں سے بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور ہر جماعت نے اقتدار میں آکر عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے اپنی جائدادیں بنائی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان کے عوام نے ایم کیوایم کو اپنی نمائندگی کا موقع دیا تو حق پرست نمائندے انہیں مایوس نہیں کریں گے۔

☆☆☆☆☆